ilmkidunya

Principles of Accounting (Urdu Medium) - ICom Part 2 Principles of Accounting Urdu Medium Chapter 2 Short Questions Test

Q1. گوشوارہ آمدن اور اخراجات کی تین اہم خصوصیات بیان کریں.

Ans 1: 1- گوشوارہ آمدن اور اخراجات دراصل، اور حقیقت غیر تجارتی اداروں کا پرافٹ اینڈ لاس اکاؤنٹ ہے.

Ans 2: 2- تمام اخراجات ڈیبٹ سائیڈ پر اور تمام آمدنیاں کریڈٹ سائیڈ میں درج کی جاتی ہیں. اور صرف ریوینؤ اخراجات اور ریووینو آمدنیاں شامل ہوتی ہیں. اس میں کیپیٹل اخراجات اور کیپیٹل آمدنیاں نہیں کی جاتی

Ans 3: 3- موجودہ سال کے تمام اخراجات اور آمدنیاں شامل کیے جاتے ہیں وہ تمام اخراجات چاہے وہ ادا کیے ہوں یا نہ کیے ہون وہ تمام امدنیآں چاہے وصول کی ہون نہ کی ہوں.

Q2. غیر تجارتی اداروں کے حسابات کیسے رکھے جاتے ہیں.

Ans 1: غیر تجارتی اداروں کے حسابات بھی تجارتی اداروں کی طرح ڈبل انٹری سسٹم کے تحت رکھے جاتے ہیں. ان اداروں میں سوائے کیش بک کے دیگر مکمل کتابیں نہیں رکھی جاتی - کیش بک سے اٹھا کر گوشوارہ آمدن اور اخراجات تیار کیا جاتا ہے. یہ معلوم کیا جاسکے کہ آمدنیاں اخراجات سے زیادہ ہیں یا اخراجات آمدنیوں سے زیادہ ہیں

Q3. وصیت نامہ کے زریعے وصول کی ہوئی رقم کو کتابوں میں کس طرح درج کیا جاتا ہے.

Ans 1: اگر وصیت نامہ کے زریعے وصول کی ہوئی رقم زیادہ ہوتو بیلنس شیٹ کی واجبات کی سائیڈ میں درج کیا جاتا ہے. یا پھر حاشیہ میں دی گئی ہدایت کے مطابق چھ ریویو سمجھ کر گوشوارہ آمدن میں درج کرلیا جاتا ہے. اور کچھ حصہ بیلنس شیت میں واجبات والی سائید میں درج کرلیا جاتا ہے.

Q4. غیر تجارتی اداروں کے زرائع امدنی کیا ہیں.

Ans 1: یہ ادراے کوئی کاروبار نہیں کررہے ہوتے. منافع کمانا ان کا ہرگز مقصد نہیں ہوتا ان کے زرائع آمدنی عام طور پر چندے ، فیسیں، عطیات اور گورنمنٹ سے ملنے والی امداد ہوتی ہے.

Q5. غیر تجارتی اداروں کی دو ہام خصوصیات بیان کریں.

Ans 1: ایسے اداروں کے قیام کا بنیادی مقصد منافع کمانے کی بجائے عوام کی فلاح و بہبود کے لیے کام کرنا ہوتا ہے. ایسے غیر تجارتی ادارے عوام کی خدمت اور ان کی سوشل ضروریات کو پورا کرنے کے لیے مدد گار ثابت ہوتے ہیں.

Ans 2: ایسے ادارے چونکہ کوئی کاروبار نہیں کررہے ہوتے ان کی امدنی کے زرائع عام طور پر چندے ، فیسیں ، عطیات اور گورنمنٹ کی امداد وغیرہ شامل ہیں.

Q6. انڈومنٹ فنڈ سے کیا مراد ہے.

Ans 1: یہ وہ فنڈ ہے جو مستقل بطور سیکورٹی پڑا رہتا ہے. اور جو خرچ نہیں کیا جاتا. اور اس پر حاصل ہونے والس سود کسی عام یا خاص مقصد کے لیے استعمال کیا جاسکتا ہے.

Q7. چندہ سے کیا مراد ہے.

Ans 1: غیر تجارتی اداروں کے ممبران کی طرف سے ادا ماہانہ یا سالانہ چندہ ادارہ کی ریوینو آمدنی ہوتا ہے. اور گوشوارہ آمدنی کو کریڈٹ سائیڈ پر درج کیا جاتا ہے. اس مد میں گزشتہ یا آنے والے سال کا چندہ شامل نہیں کیا جاتا.

Q8. اعزازیہ سے کیا مراد ہے.

Ans 1: غیر تجارتی اددروں میں بعض موقعوں پر بعض لوگوں کو لیکچر دینے کے لیے دعوت دی جاتی ہے. یا اپنے ممبران کے لیے کوئی خدمت فراہم کی جاتی ہے. تو اس سلسلہ مین ایسے افراد کو جو معاوضہ دیا جاتا ہے اسے اعزازیہ کہتے ہیں.

Q9. غیر تجارتی اداروں سے کیا مراد ہے.

Ans 1: غیر تجارتی اداروں سے مراد ایسے ادارے ہیں جن کے قائم کرنے کا بنیادی مقصد منافع کمانا نہیں ہوتا. یہ ان غیر تجارتی اور غیر منافع بخش مقاصد کے لیے کام کرتے ہیں. جن کے لیے قائم کیے جاتے ہیں. ہم انہیں غیر تجارتی غیر نفع بخش یا رفاہ عامہ کے ادارے بھی کہتے ہیں. جیسے کہ کالج، ہسپتال، یتیم خانہ، سوسائٹیاں.

Q10. گوشوارہ وصولی و ادائیگی کی تین اہم خصوصیات بیان کریں.

Ans 1: 1- اس کا آغاز کیش اور بنک کے بقایا جات سے ہوتا ہے.

Ans 2: 2- تمام وصولیاں اور آمدنیاں ڈیبٹ سائیڈ پر درج کی جاتی ہیں. تمام ادائیگیاں اور اخراجات کریڈٹ سائیڈ میں درج کیے جاتے ہیں.

Ans 3: 3- آخر میں گوشوارہ وصولی و ادائیگی کو بیلنس کیا جاتا ہے. اگر وصولیاں ادائیگیوں سے زیادہ ہوں تو اس کا مطلب وہ کیش اور بنک بلینس ہوگا. اور اگر ادائگیاں اور اخراجات وصولیوں سے زیادہ ہوں تو اس کا مطلب ہے وہ بنک اور ڈرافٹ ہوگا. اور اگر ادائگیاں اور اخراجات وصولیوں سے زیادہ ہوں تو اس کا مطلب وہ بنک اور ڈرافٹ ہوگا.